# زکوٰۃ فطرہ کامصرف

<"xml encoding="UTF-8?>




زکوٰۃ فطرہ کامصرف

مسئلہ (۲۰۲۳)فطرہ (احتیاط واجب کی بناپر)فقط ان شیعہ( اثناعشری) فقراء کودینا ضروری ہے،جو ان شرائط پرپورے اترتے ہوں جن کاذکرزکوٰۃ کے مستحقین میں ہوچکا ہے اوراگرشہرمیں شیعہ( اثناعشری) فقراء نہ ملیں تودوسرے مسلمان فقراء کوفطرہ دے سکتا ہے۔ لیکن ضروری ہے کہ کسی بھی صورت میں ”ناصبی“ کونہ دیاجائے۔

مسئلہ (۲۰۲۴)اگرکوئی شیعہ بچہ فقیرہوتوانسان یہ کرسکتاہے کہ فطرہ اس پرخرچ کرے یااس کے سرپرست کودے کراسے بچے کی ملکیت قراردے۔

مسئلہ (۲۰۲۵)جس فقیر کوفطرہ دیاجائے ضروری نہیں کہ وہ عادل ہولیکن احتیاط واجب یہ ہے کہ شرابی اوربے نمازی کواوراس شخص کوجوکھلم کھلاگناہ کرتاہوفطرہ نہ دیا جائے۔

مسئلہ (۲۰۲۶)جوشخص فطرہ ناجائزکاموں میں خرچ کرتاہوضروری ہے کہ اسے فطرہ نہ دیاجائے۔

مسئلہ (۲۰۲۷)احتیاط مستحب یہ ہے کہ ایک فقیرکوایک صاع(تقریباً تین کلو) سے کم فطرہ نہ دیا جائے۔ مگر یہ کہ جو فقیر موجود ہیں ان سب تک نہ پہونچ سکےالبتہ اگرایک صاع سے زیادہ دیاجائے توکوئی اشکال نہیں ہے۔

مسئلہ (۲۰۲۸)جب کسی جنس کی قیمت اسی جنس کی معمولی قسم سے دگنی ہومثلاًکسی گیہوں کی قیمت معمولی قسم کے گیہوں کی قیمت سے دوچندہوتواگرکوئی شخص اس (عمدہ جنس ) کا آدھا صاع بطورفطرہ دے تویہ کافی نہیں ہے بلکہ اگروہ آدھاصاع فطرہ کی قیمت کی نیت سے بھی دے توبھی کافی نہیں ہے۔

مسئلہ (۲۰۲۹)انسان آدھاصاع ایک جنس کامثلاًگیہوں کااورآدھاصاع کسی دوسری جنس مثلاًجوکابطورفطرہ نہیں دے سکتابلکہ اگریہ آدھاصاع فطرہ کی قیمت کی نیت سے بھی دے توکافی نہیں ہے۔

مسئلہ (۲۰۳۰)انسان کےلئے مستحب ہے کہ زکوٰۃ دینے میں اپنے فقیررشتے داروں اور ہمسایوں کودوسرے لوگوں پرترجیح دے اور بہتریہ ہے کہ اہل علم وفضل اور دین دار لوگوں کو دوسروں پرترجیح دے۔

مسئلہ (۲۰۳۱)اگرانسان یہ خیال کرتے ہوئے کہ ایک شخص فقیرہے اسے فطرہ دے اوربعدمیں معلوم ہوکہ وہ فقیرنہ تھاتواگراس نے جومال فقیرکودیاتھاوہ ختم نہ ہوگیا ہو تو ضروری ہے کہ واپس لے لے اور مستحق کودے دے اوراگرواپس نہ لے سکتا ہو تو ضروری ہے کہ خوداپنے مال سے فطرے کاعوض دے اوراگروہ مال ختم ہوگیاہولیکن لینے والے کو علم ہوکہ جوکچھ اس نے لیاہے وہ فطرہ ہے توضروری ہے کہ اس کاعوض دے اوراگراسے یہ علم نہ ہوتوعوض دینااس پرواجب نہیں ہے اورضروری ہے کہ انسان فطرے کاعوض دے۔

مسئلہ (۲۰۳۲)اگرکوئی شخص کہے کہ میں فقیرہوں تواسے فطرہ نہیں دیاجاسکتابجز اس صورت کے کہ انسان کواس کے کہنے سے اطمینان ہوجائے یاانسان کوعلم ہوکہ وہ پہلے فقیر تھا۔